# 03-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سماج میں معذورین کو اچھی نگاہ سے دیکھنے پر دیا زور۔کہا کہ معذورین کے ساتھ اچھے سلوک کے ذریعہ ہی سماج کرسکتا ہے ترقی۔

۲۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی آج سدی پیٹ کے دورہ پر ہیں۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اورسنگ بنیاد رکھا۔

۳۔ کشن ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت حیدرآباد انڈسٹریل لینڈ ٹرانس فارمیشن ہیلٹ پالیسی کے نام پر اراضیات میں دھاندلیاں کررہی ہیں اسے بڑے کاروباری افراد کو فائدہ ہوگا غریب عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

۴۔ریاست بھر میں اراضیات سے متعلق آنے والی درخواستوں کو جنوری مہینہ کے اختتام تک حل کرلیا جائے گا اوراس کے بعد ٹریبونلز کو قائم کیا جائے گا۔

Welcome

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے دہلی میں وزیر اعظم مودی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے اس ماہ کی 8 اور 9 تاریخ کو بھارت فیوچر سٹی میں منعقد ہونے والے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں شرکت کرنے کی دعوت دی۔اس سے قبل وزیر اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ نے مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات، ریلوے وآئی ٹی اشونی ویشنو اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اورمرکزی وزیر منوہر لال کھٹر سے بھی ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے مرکزی وزرأ کو تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں شرکت کرنے کی دعوت دی۔اس کے علاوہ انہوں نے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی اور کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی سے بھی ملاقات کرتے ہوئے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ

میں شرکت کرنے کی دعوت دی جبکہ کل رات کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی اور تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں شرکت کرنے کی دعوت دی۔

State Minister

اس ماہ کی 8 اور 9 تاریخ کو حیدرآباد میں منعقد ہونے والے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں ملک کے تمام ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کو مدعو کرنے کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے فیصلہ لیا ہے۔تلنگانہ کے ریاستی وزراملک کے ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ سے خصوصی طور پر ملاقات کرتے ہوئے ان کو تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں شرکت کی دعوت دیں گے۔اس ضمن میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ سے ملاقات کریں گے جبکہ اتم کمارریڈی جموں وکشمیراور گجرات کے وزرائے اعلیٰ سے ملاقات کریں گے اور دامودھرراج نرسمہا، پنجاب، ہریانہ کے وزرائے اعلیٰ سے ملاقات کریں گے جبکہ آندھراپردیش اور کیرالا کے وزرائے اعلیٰ سے کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی ملاقات کریں گے اور محمد اظہر الدین مہاراشٹرا کے وزیراعلیٰ سے ملاقات کریں گے اوران کو تلنگانہ گلوبل رائزنگ سمٹ میں شرکت کی دعوت دیں گے۔اس کے علاوہ ریاست کے دیگر وزرأ بھی ملک کے دوسری ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ سے ملاقات کرتے ہوئے ان کو تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں شرکت کی دعوت دیں گے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے ہندو دیوتاؤں پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے کئے گئے نامناسب تبصرہ کی شدید مذمت کی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ایک ہندو ہوتے ہوئے اس طرح کے نامناسب تبصرے کرنا ان کو زیب نہیں دیتا۔کشن ریڈی نے کہا کہ ملک میں تمام ہندوؤں کو متحد ہونے کا وقت آگیا ہے تاکہ ہندوؤں کی طاقت وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور کانگریس پارٹی کو بتائی جاسکے۔

Park

ورنگل میں قائم کئے جانے والے پردھان منتری میگا اینٹی گریٹیڈ ٹیکس ٹائل ریجن اینڈ اپریل ۔ پی ایم مترا پارک میں تین ہزار آٹھ سو 62 کروڑ کی سرمایہ کاری کیلئے مختلف کمپنیاں منصوبہ بندی کرر ہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار مرکزی وزیر پی مارگاریٹا نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ذریعہ 24 ہزار 400 روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کل لوک سبھا میں نلگنڈہ کے کانگریس رکن پارلیمنٹ کندور رگھوویر کی جانب سے پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے اِس بات کا انکشاف کیا۔ انہوں نے کہا کہ ورنگل پی ایم مترا پارک ایک ہزار تین سو 27 ایکڑ اراضی پر قائم کیا جارہا ہے۔

Panchayat

ریاست میں گرام پنچایت انتخابات کے پہلے مرحلہ کے پرچہ نامزدگیاں واپس لینے کی آخری تاریخ آج ختم ہورہی ہے۔ پہلے مرحلہ میں 11 دسمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے جبکہ دوسرے مرحلہ کے نامزدگیوں کے ادخال کی آخری تاریخ کل ختم ہوگئی ہے۔ ان مرحلوں میں جملہ چار ہزار 332 گرام پنچایتوں اور ان گرام پنچایتوں کے وارڈس میں 14 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے جبکہ تیسرے مرحلہ کے پرچہ نامزدگیوں کے ادخال کا آغاز سے شروع ہوا ہے۔

blockade

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے ہندو دیوتاؤں کے خلاف کئے گئے نامناسب تبصرہ کی مذمت کرتے ہوئے بی جے پی کے قائدین نے حیدرآباد میں احتجاج کیا جبکہ بی جے وائی ایم کے ریاستی صدر گنیش اور بی جے پی مہیلا مورچہ کے ریاستی صدر شلپا ریڈی کی قیادت میں بی جے وائی ایم اور مہیلا مورچہ کے کارکنوں نے ایک ریالی کی شکل میں کانگریس کے دفتر کا محاصرہ کرنے کی کوشش کی لیکن پولیس نے ان کو روکتے ہوئے اپنی حراست میں لے لیا۔ اس موقع پر ان قائدین نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا علامتی پتلا نذرآتش کیا۔

Kishan

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ ریاست کے قیام کے وقت ریاست فاضل بجٹ والی ریاست تھی جبکہ ریاست کے قیام کے بعد ریاست میں دس لاکھ کروڑ قرضوں کے بوجھ میں ڈھکیل دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت ملازمین کو تنخواہیں ادا کرنے کے موقف میں بھی نہیں ہے۔اس کے لئے وہ اراضیات کو فروخت کرنے کی کوشش کررہی ہے۔کشن ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت حیدرآباد انڈسٹرئیل لینڈ ٹرانس فارمیشن ہیلٹ پالیسی کے نام پر اراضیات میں دھاندلیاں کررہی ہیں۔ بڑے کاروباری اداروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے 27 نمبر جی او لانے کا حکومت پر الزام لگایا۔

Sound Byte Kishan Reddy

اس کے علاوہ کشن ریڈی نے کہا کہ 2013ء میں حمڈا ماسٹر پلان کو قطعیت دیا گیا ہے یہ ماسٹر پلان کسانوں کیلئے نقصان کا سبب بنا ہے۔

President

عالمی یوم معذورین کے موقع پر دہلی میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔اس پروگرام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے شرکت کی۔اس موقع پر معذورین کی ترقی اوران کو بااختیار بنانے کیلئے کام کرنے والے مختلف اداروں میں ایوارڈس بھی تقسیم کئے گئے۔اس موقع پر صدر جمہوریہ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ سماج میں معذورین کو اچھی نگاہ سے دیکھنے پر زوردیا۔انہوں نے کہا کہ معذورین کے ساتھ اچھے سلوک کے ذریعہ ہی سماج ترقی کرسکتا ہے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ 2012ء پارااولمپکس میں ہندوستان نے ایک ہی تمغہ حاصل کیا تھا جبکہ 2024ء کے پارااولمپکس میں ہندوستان نے 29 تمغے حاصل کئے جو ہمارے پاراا تھلیٹکس کھلاڑیوں کی قابلیت کو ظاہر کرتا ہے۔

Sound Byte President

Recort

ریاستی حکومت نے کہا کہ ریاست گزشتہ دو سالوں میں ملک کی توجہ اپنی جانب راغب کرتے ہوئے فصلوں کی پیداوار میں ایک نیا ریکارڈ قائم کی ہے۔ دھان کی پیداوار میں اب تک پنجاب کو پہلا مقام حاصل تھا لیکن تلنگانہ نے اس میں آگے بڑھتے ہوئے ریاست کی پیداوار اور زراعت کے حصہ میں 6.7 فیصد اضافہ کیا ہے۔ موجودہ قیمتوں کے مطابق زراعت کے شعبہ کا حصہ 24-2023ء میں 1.04 لاکھ کروڑ تھا۔ 25-2024ء کے اعداد و شمار کے مطابق 1.07 لاکھ کروڑ ہو گیا۔

Committee

آندھرا پردیش کے الوری سیتارا ما راجو ضلع مار یڈو ملی جنگلاتی علاقہ میں پیش آئے فائرنگ کے واقعات کی تفصیلات حاصل کرنے کے لئے اس علاقہ کو جانے کا اکھیلا بھارتا یونیورسٹی کے طلبہ نے اعلان کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کریں گے اور انٹلیجنس کے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل مہیش چندر الڈا سے بھی ملاقات کریں گے۔

Weather

خلیج بنگال میں پیدا ہونے والا طوفان شمالی ٹاملناڈو اور پڈوچیری کے ساحل کے قریب پہنچ رہا ہے۔ آنے والے 24 گھنٹوں میں شمالی ٹاملناڈو اور پڈوچیری کے علاقوں میں کمزور ہونے کا امکان ہے۔ یہ بات مرکزی محکمہ موسمیات نے بتائی۔ اس کے اثر کے تحت آج ریاست کے بعض اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

Disability days list

آج ملک بھر میں عالمی یوم معذورین منایا جا رہا ہے۔ اِس ضمن میں ریاست کے مختلف اضلاع میں مختلف تقریبات کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ کریم نگر میں منعقد کی گئی ایک تقریب میں ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن

کمار نے شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت معذورین کی ترقی کیلئے کئی ایک اقدامات کررہی ہے۔

Sound Byte Lakshman

جبکہ نلگنڈہ ضلع میں معذورین کیلئے منعقد کئے گئے کھیلوں کے اختتامی تقریب میں ضلع کلکٹر ایلاتر پاٹھی نے شرکت کی۔اس کے علاوہ راجنا سرسلہ ضلع میں منعقد ہوئی تقریب میں اسسٹنٹ لیگل ایڈ ڈیفنس کونسل جوتی نے شرکت کی جبکہ یادادری بھونگیر ضلع کلکٹریٹ کے دفتر میں منعقد ہوئی تقریب میں ضلع کلکٹر ہنمنتا راؤ کے علاوہ دیگر عہدیداروں نے شرکت کی اور محبوب آباد ضلع میں منعقد کی گئی تقریب میں ایڈیشنل کلکٹر نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ جنگاؤں ضلع میں منعقد کی گئی تقریب میں محکمہ خواتین و اطفال اور معذورین کے فلاح و بہبود محکمہ کے عہدیدار کودنڈا راما راؤ نے شرکت کی جبکہ ملگ ضلع کے گریجنا بھون میں منعقد کی گئی تقریب میں ضلع کلکٹر نے شرکت کی۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاست بھر میں اراضیات سے متعلق آنے والی درخواستوں کو جنوری مہینہ کے اختتام تک حل کرلیا جائے گا اور اس کے بعد ٹریبونلز کو قائم کیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کیا۔آج انہوں نے سکریٹریٹ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دو مہینوں میں ریونیو سروے رجسٹریشن محکمہ جات کے اطلاعات کے ذریعہ سنگل پیج ڈیجیٹلائزیشن کو متعارف کروایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں پانچ گاؤں میں تجرباتی طور پر سرحد بھودار نمبر الاٹ مکمل کرلیا گیا ہے۔

Revanth Reddy - dist

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی آج سدی پیٹ کے دورہ پر ہیں۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر 44 کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے

شا تاواہنا یونیورسٹی، انجینئرنگ کالج اور اس کے علاوہ 59 کروڑ کی لاگت سے اَکنا پیٹ تک تعمیر کئے جانے والے 4لائن ہام روڈ بھی شامل ہے۔اس موقع پر وزیراعظم نے حُسن آباد سے حیدرآباد تک اکسپریس بس کو جھنڈی دکھا کراس کا آغاز کیا۔

○○